National Officers ACADEMY

English Test

Time Allowed: 40Minutes

Note:

1. Assignment must be handwritten.

2. Upload it in "Quiz/Assignment" section, otherwise it will not be checked.

Name: ____________________	**Batch:** _________________
LMS_ID___________________	

Q. Translate the following into English, keeping in view the idiomatic/figurative expression. (10)

ایک ریسرچ کے مطابق دنیا بھر میں ایک لاکھ قسم کے مختلف جسمانی امراض بنی نوع آدم کی نسل کو
مٹا رہے ہیں۔ بیماریاں جراثیم کے ذریعے پھیلتی ہیں اور جراثیم سے بچنے کا حکم ہمارے دین کے
ذریعے بھی ہمیں ملا اور صفائی کو نصف ایمان کا درجہ دیا گیا۔ گویا کسی کا چھپا ہوا نصف ایمان
دیکھنا ہو تو اس کے ماحول میں صفائی کے معیار کو دیکھ لیا جائے۔ گندگی میں پھیلنے والے بہت سے
جراثیم فضا میں سفر کرتے ہیں اور سانس کے ذریعے انسانی جسم میں داخل ہو جاتے ہیں جبکہ کچھ
جراثیم بذریعہ خوراک جسمانی نظام کو متاثر کرتے ہیں۔ انسانوں کا طرز زندگی بھی بہت سی بیماریوں
کو جنم دیتا ہے، کئی امراض بڑھتی ہوئی عمر میں انسان کو پکڑ لیتے ہیں اور کچھ امراض ایسے بھی
ہیں جن کا تعلق والدین سے ہوتا ہے اور وہ پچھلی نسل سے اگلی نسل میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ریسرچ یہ
بھی بتاتی ہے کہ پاکستان میں 10نوعیت کے امراض انتہائی خطرناک ہیں۔ پاکستان میں پائی جانے والی
زیادہ تر بیماریوں کا تعلق سانس کی نالی سے ہے۔ ان بیماریوں میں نمونیہ اور نزلہ زیادہ عام ہیں۔ دیہی
علاقوں میں ملیریا غریب طبقے کا دشمن ہے۔ پسماندہ اور نواحی بستیوں میں بھی ملیریے کے کیسز
زیادہ ہیں۔ ناقص سینٹری سسٹم اور سیوریج کے باعث پیدا ہونے والے مچھروں اور مکھیوں کے ذریعے
سے یہ بیماری پھیل رہی ہے۔ پاکستان میں ہیپاٹائٹس بی اور سی کے مریضوں کی تعداد 1کروڑ 20لاکھ
کے قریب ہے۔ چھوٹی آنت کی ایک بیماری ہیضہ ہے۔ قابل علاج ہونے کے باوجود یہ پاکستان میں
لاعلاج ہے۔ برسات میں اس کے جراثیم زیادہ شدت سے پھیلتے ہیں۔

****